وطن اصلی سے دوسری جگہ مستقل شفٹ ہوگیا تو وطن اصلی باطل ہوجائے گا

مجیب: مفتی محمد ہاشم خان عطاری

فتوی نمبر: 113

تاریخ اجراء: 29ذوالحجۃ الحرام1434ھ/04نومبر2013ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلے کے بارے میں کہ زید اپنے آبائی گاؤں کشمیر سے اپنے اہل ومتاع کے ساتھ کئی سالوں سے مستقل لاہور شفٹ ہو گیا ہے، گاؤں میں زید کی صرف زمینیں و مکان باقی ہے اور دیگر رشتہ دار رہتے ہیں، اور زید کا اپنے آبائی گاؤں میں رہنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے، بلکہ وہاں کی سکونت کو مستقل ترک کر چکا ہے اور اس جگہ صرف رشتہ داروں وغیرہ سے ملاقات کے لئے کبھی کبھی جاتا ہے۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ یہ آبائی گاؤں اس کا وطن اصلی بنتا ہے یا نہیں؟

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

زید کا آبائی گاؤں اس کا وطن اصلی نہیں بنتا، کیونکہ زید کا وہاں سے اپنے اہل ومتاع کے ساتھ مستقل لاہور شفٹ ہونا اور اُس جگہ رہائش نہ رکھنے کے عزم نے اس کے اس وطن اصلی کو ختم کر دیا، اگرچہ اس کی وہاں پر زمینیں و مکان اور رشتہ دار وغیرہ رہتے ہیں، لہٰذا زید اگر 15 دن سے کم رہنے کی نیت سے وہاں جائے گا، تو نماز قصر پڑھے گا۔

امام اہلسنت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فتاویٰ شامی کے حاشیہ جد الممتار میں ارشاد فرماتے ہیں:"اقول: یظھر للعبد الضعیف انّ نقل الاھل والمتاع یکون علی وجھین: احدھما: ان ینقل علی عزم ترک التوطّن ھاھنا، والآخر: لا علی ذلک، فعلی الاوّل لا یبقی الوطن وطناً وان بقی لہ فیہ دُور وعقار، وعلی الثانی یبقی فلیکن المحمل للقولین، وبمثل ھذا یجری الکلام فی موت الزوجۃ، فافھم، واللہ تعالی اعلم" ترجمہ: میں کہتا ہوں:"جو عبد ضعیف پر ظاہر ہوا کہ اس کا اہل ومتاع کے ساتھ منتقل ہونا دو وجہوں سے ہو گا، اُن میں سے ایک یہ ہے کہ وہ اس طرح منتقل ہو کہ اس جگہ کو وطن بنانے کے ترک کرنے کا عزم ہو اور دوسرا یہ کہ اس طرح نہ ہو، پس پہلی وجہ پر اس کے لیے وطن اصلی نہ رہے گا، اگرچہ اُس جگہ میں اُس کی زمین اور مکان ہو اور دوسری

وجہ پر باقی رہے گا، پس چاہیئے کہ ان دونوں قولوں کا یہی محمل ہو اور اسی کی مثل کلام زوجہ کی موت کے بارے میں بھی ہے، اس کو سمجھ لے، اور اللہ بہتر جانتا ہے۔“(جد الممتار، کتاب الصلاۃ، جلد 03، صفحہ 572، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net